SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

For immediate Release

June 22, 2016

ایس ای سی پی نے تیز ترین رجسٹریشن کی سکیم متعارف کروادی

اسلام آباد (۲۲ جون) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے کارپوٹائزیشن کے اجحان کو فروغ دینے اور غیر رجسٹرڈ کاروبار کو دستاویزی معیشت میں شامل کرنے کے لئے تیز ترین رجسٹریشن کی سہولت متعارف کروادی ہے جس کے تحت کمپنی کی رجسٹریشن ایک ہی دن میں کردی جائے گی۔ تاہم درخواست گزار کے لئے ضروری ہوگا کہ وہ درخواست آن لائن جمع کروائے اور ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب مختصر میمورنڈم آف ایسوسی ایشن ساتھ منسلک کرے۔

مزید، اگر رجسٹریشن کی درخواست فاسٹ ٹریک رجسٹریشن سروس کے تحت جمع کروائی جائے گی تو رجسٹریشن کا عمل دو گھنٹوں میں مکمل کرلیا جائے گا بشرطیہ درخواست تین بجے سے پہلے جمع کروائی جائے۔ اس سے پہلے فاسٹ ٹریک رجسٹریشن کے ذریعے رجسٹریشن کا کم از کم وقت چار گھنٹے ہے۔

رجسٹریشن کے عمل کو مزید آسان بنانے اور اس میں تیزی لانے کا مقصد ملک میں کارپوٹائزیشن کو فروغ دینا ہے اور سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ ایس ای سی پی نے حال ہی میں کاروبار کی رجسٹریشن کے رجحان میں اضافے کے لئے نمایاں اقدامات کئے ہیں جب کہ رجسٹریشن کی فیسوں میں ساٹھ فیصد تک کمی کردی گئی ہے جبکہ نفٹ سے اس ای سی پی کے لئے ڈیجیٹل دستخطوں کی آن لائن فراہمی کی سہولت بھی فراہم کردی گئی ہے۔

Media and Corporate Communications Department
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk